# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

**Text of Urdu news Bulletin**

**Dated : 30 August 2026**

**Time : 09:25 AM**

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے۔ خبروں کا بلیٹن لیکر میں مسرت شاہ

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی آج ازبکستان کے صدر شوکت مرزی یوف سے صدیوں پرانے تہذیبی روایات اور مضبوط عوامی تعلقات کی بنا پر دونوں ملکوں کے درمیان باہمی تعلقات کے سبھی پہلوؤں کا جائزہ لیں گے

دونوں رہنما صدارتی محل میں تجارت، سرمایہ کاری، دفاع، ڈیجیٹل روابط، توانائی، تعلیم اور عوامی رابطوں کے مختلف شعبوں پر تبادلہ خیال کریں گے۔ وہ وکست بھارت@2047 اور ازبکستان 2030 کے مشترکہ ترقیاتی نظریہ کو آگے بڑھانے کے امکانات پر بھی گفت وشنید کریں گے۔

واضح رہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی کل شام ازبکستان کی راجدھانی تاشقند پہنچے تھے، جہاں ان کا شاندار استقبال کیا گیا۔

نیپال

نیپال میں آئے اچانک سیلاب کے نتیجے میں مرنے والوں کی تعداد مزید بڑھ کر 675 ہوگئی ہے جبکہ لاپتہ افراد کی تعداد 2 ہزار 400 بتائی گئی ہے۔ اس ہمالیائی ملک کے متاثرہ اضلاع میں تلاش اور امداد کا کام جاری ہے۔

حکام نے کہا ہے کہ پولیس لاپتہ افراد کا پتہ لگانے اور سیلاب میں پھنسے افراد کی مدد کیلئے مقامی لوگوں اور متعلقہ ایجنسیوں سے تال میل کے ساتھ کام کر رہی ہے۔

بھارت نے سیلاب سے متاثرہ نیپال کی مدد میں اضافہ کیا ہے۔ وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے کہا کہ مصیبت کی اس گھڑی میں بھارت اپنے ہمسایہ ملک نیپال کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑا ہے۔

----**Rajnath**--------

اس دوران نیپال نے والہانہ مدد کیلئے بھارت کا شکریہ بجالایا ہے۔

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ صحت شعبے میں جدید آلات کا استعمال عام لوگوں کی اعلیٰ صحت خدمات

تک رسائی کو ممکن بنانے کیلئے کیا جانا چاہئے۔ CII-JK کے ہیلتھ کنکلیو کے تیسرے ایڈیشن کا افتتاح کرنے کے موقعہ اپنے خطاب میں ایل جی نے عالمی صحت نظام کو درپیش چیلنجوں کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ مہنگے علاج پر انحصار کم کرنے کیلئے بیماریوں سے بچاؤ، ابتدائی مرحلے میں مداخلت اور باقاعدگی سے طبی سکریننگ وقت کی اہم ضرورت ہے۔

منوج سنہا نے طبی ماہرین پر زور دیا کہ وہ جدید ٹیکنالوجی کا استعمال لوگوں تک بہتر صحت خدمات پہنچانے کیلئے کریں۔

-------LG------------

جموں کشمیر میں طبی شعبے کے بنیادی ڈھانچے کا ذکر کرتے ہوئے لیفٹننٹ گورنر نے کہا کہ 2 نئے ایمز، 10 نئے میڈیکل کالج، 2 سٹیٹ کینسر انسٹی چیوٹ، 52 نرسنگ کالجز، 23 پیرا میڈیکل کالجز اور 5 فارمیسی کالجز اور دیگر کئی طبی پروجیکٹ زیر تعمیر ہیں، جن کی بدولت مستقبل میں یہاں کے طبی سیکٹر میں انقلابی تبدیلی آنے کی توقع ہے۔

سکینہ ایتو

صحت اور طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے کہا ہے کہ بہتر طبی سہولیات عام لوگوں تک پہنچانا سرکار کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ ان باتوں کا اظہار وزیر موصوفہ نے امام حسین سپر سپیشلٹی ہسپتال بمنہ سرینگر میں ریڈیالوجی شعبے میں کئی طبی یونٹوں کا افتتاح کرنے کے دوران کیا۔ انہوں نے اس طبی ادارے میں دستیاب سہولیات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ اس ادارے نے عام لوگوں تک صحت خدمات پہنچانے میں اہم رول ادا کیا ہے۔

واضح رہے کہ مالی سال 2025-26 کے دوران اس ہسپتال میں 20 ہزار کے قریب OPD رجسٹریشن ہوئی ہے جبکہ پچھلے 14 مہینوں کے اندر 700 سے قریب جراحیاں عمل میں لائی گئی ہیں۔

صوبائی کمشنر

صوبائی کمشنر کشمیر انشل گرگ نے SKICC سرینگر میں ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کے دوان انٹرنیشنل فلم فیسٹول جموں کشمیر کے سلسلے میں کی جارہی تیاریوں کا جائزہ لیا۔ میٹنگ کے دوران صوبائی کمشنر نے تمام متعلقہ محکموں کو ہدایت دی کہ وہ تمام تر ضروری اقدامات اپنے اپنے مقررہ وقت پر مکمل کریں، تاکہ یہ فلم فیسٹول خوش اسلوبی کے ساتھ منعقد کیا جاسکے۔ اس فیسٹول میں 40 مما لک کی فلمیں دکھائی جائیں گی۔

واضح رہے کہ جموں وکشمیر میں اپنی نوعیت کا یہ پہلا بین الاقوامی فلم فیسٹول 7 ستمبر سے 10 ستمبر تک منعقد ہوگا۔

من کی بات

وزیر اعظم نریندر مودی آج دن میں 11 بجے آکاشوانی پر من کی بات پروگرام میں ملک اور بیرون ملک عوام سے اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔ یہ اس پروگرام کا 137 واں شمارہ ہوگا۔ یہ پروگرام آکاشوانی اور دوردرشن کے پورے

نیٹ ورک AIR نیوز ویب سائٹ اور نیوز آن AIR موبائل ایپ پر بھی دستیاب ہوگا۔ آکاشوانی سے ہندی نشریے کے فوراً بعد یہ پروگرام علاقائی زبانوں میں بھی نشر ہوگا۔

انتقال

شوپیان ضلعے سے تعلق رکھنے والے جموں کشمیر کے ایک سابق وزیر غلام حسن خان کا انتقال ہوگیا ہے۔ ان کے انتقال پر کئی سیاسی اور سماجی شخصیات اور تنظیموں نے غمزدہ کنبے کے ساتھ تعزیت کا اظہار کیا ہے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 20 اعشاریہ 7 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 26 اعشاریہ 1 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

خدا حافظ۔